# Notice of the Annual General Meeting

NOTICE is hereby given that the Fiftieth Annual General Meeting of the Members of the Company will be held on Thursday, September 29, 2016 at 9:00 AM, at Avari Towers, Khorshed Mahal, Fatima Jinnah Road, Karachi to transact the following business:

## ORDINARY BUSINESS:

1. To receive and adopt the Audited Accounts for the year ended June 30, 2016 together with the Reports of the Directors' and Auditors' thereon.

2. To approve a final cash dividend of 125% (i.e. Rs. 6.25/- per share) for the year 2015-16 as recommended by the Board of Directors. This is in addition to the Interim Dividend of 75% i.e. Rs 3.75/- per share already paid. The total dividend for 2015-16 will thus amount to 200% i.e. Rs 10 per share.

3. To appoint Auditors for the year 2016-17 and to fix their remuneration. The present auditors – Messrs EY Ford Rhodes, Chartered Accountants, being eligible offer themselves for reappointment.

## SPECIAL BUSINESS

4. To consider and if thought fit, to pass the following as a special resolution, for alteration of the Articles of Association of the Company:

"RESOLVED as and by way of special resolution THAT the Articles of Association of the Company, be amended as follows:

(a) By inserting the following new article and its marginal note immediately after Article 64 as Article 64A, namely:

64A "Subject to any rules or regulations that may be made from time to time by the Commission in this regard, members may exercise voting rights at general meeting through electronic means if the Company receives the requisite demand for poll in accordance with the applicable laws. The Company shall facilitate the voting by electronic means in the manner and in accordance with the requirements prescribed by the Commission".

(b) By inserting the following new article and its marginal note immediately after Article 70 as Article 70A, namely:

| Proxies where Voting Rights Exercised through Electronic means | 70A. Notwithstanding anything contained in these Articles, in case of voting by electronic means, both members and non-members can be appointed as Special Proxy or General Proxy. |
|---|---|

(c) By inserting the following new article and its marginal note immediately after Article 73 as Article 73A, namely

| Form of Proxies where Voting Rights Exercised through Electronic means | 73A. Notwithstanding anything contained in these Articles, for the purposes of voting by electronic means, the instrument appointing the proxy shall be in such form, and provided to the Company, in the manner stipulated under the applicable laws. |
|---|---|

Further Resolved that the Company Secretary, be and is hereby authorized to do all acts, deeds and things and take all steps necessary to complete the legal formalities and file the required documents as may be necessary or ancillary for the purpose of implementing the aforesaid resolution.

A statement as required under Section 160(1)(b) of the Companies Ordinance, 1984 in respect of the Special Business (item no 4 of the agenda) to be considered at the meeting is annexed to this notice of meeting being sent.

**By Order of the Board**

**Ali Asghar Moten**
**Company Secretary**

Karachi.
Dated: August 30, 2016

NOTES:

(i) The Share Transfer Books of the Company will remain closed from Thursday, September 22, 2016 to Thursday, September 29, 2016 (both days inclusive) and the final dividend will be paid to the Members whose names will appear in the Register of Members on September 21, 2016. Members (Non-CDC) are requested to promptly notify the Company's Registrar of any change in their addresses and submit, if applicable to them, the Non–deduction of Zakat Form CZ-50 with the Registrar of the Company M/s. FAMCO Associates (Private) Limited, 8-F, Next to Hotel Faran, Nursery, Block-6, PECHS, Sharea Faisal Karachi. Tel: 0092-21-34380101-5, 0092-21-34384621-3 (Ext-103) Fax: 0092-21-34380106. All the Members holding the shares through the CDC are requested to please update their addresses and Zakat status with their Participants.

(ii) A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint another member as his/her proxy to attend and vote for him / her. Proxies in order to be effective must be received at the Registered Office of the Company not less than 48 hours before the time of holding the meeting.

(iii) Shareholders are also requested to provide the following information to enable the Company to comply with the directives of the Securities & Exchange Commission of Pakistan.
**CDC Accounts Holders** will further have to follow the guidelines as laid down in Circular 1 dated the January 26, 2000 issued by the Securities & Exchange Commission of Pakistan.

A. For Attending the Meeting

i. In case of individuals, the account holder or sub-account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration detail is uploaded as per the Regulations, shall authenticate their identity by showing his/ her original National Identity Card ("CNIC") or original passport at the time of attending the meeting.

ii. In case of corporate entity, Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless provided earlier) at the time of the meeting.

B. For Appointing Proxies

i. In case of individuals, the account holder or sub-account holder is and / or the person whose securities are in group account and their registration detail is uploaded as per the CDC Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

ii. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

iii. Attested copies of the CNIC or passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

iv. The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of the meeting.

v. In case of corporate entities, board of directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be submitted (unless provided earlier) along with the proxy form to Company.

## Submission of copies of CNIC and NTN Certificate (Mandatory)

Pursuant to the directive of the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP), Dividend Warrants shall mandatorily bear the Computerized National Identity Card (CNIC) numbers of shareholders. Shareholders are therefore requested to fulfill the statutory requirements and submit a copy of their CNIC (if not already provided) to the Company's Share Registrar, M/s. FAMCO Associates (Private) Limited without any delay.

In case of non-availability of a valid copy of the Shareholders' CNIC in the records of the Company, the company shall be constrained to withhold the Dividend Warrants in terms of Section 251(2)(a) of the Companies Ordinance, 1984, which will be released by the Share Registrar only upon submission of a valid copy of the CNIC in compliance with the aforesaid SECP directives.

For Shareholders other than individuals, the checking will be done by matching the NTN number, therefore the Corporate Shareholders having CDC accounts are requested in their own interest to provide a copy of NTN certificate to check their names in the ATL before the book closure date to their respective participants / CDC, whereas corporate shareholders holding physical share certificates should send a copy of their NTN certificate to the Company or its Share Registrar. The Shareholders while sending CNIC or NTN certificates, as the case may be must quote their respective folio numbers. In case of non-receipt of the copy of a valid CNIC, the Company would be unable to comply with SRO831(1)/2012 dated July 05, 2012.

## Withholding Tax on Dividend

Government of Pakistan through Finance Act, 2016 has made certain amendments in section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 whereby different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the Companies. These tax rates are as under:

| | | |
|---|---|---|
| (a) | For filers of income tax returns | 12.5% |
| (b) | For non-filers of income tax returns | 20% |

Shareholders who are filers, are advised to make sure that their names are entered into latest Active Tax Payers List (ATL) provided on the website of FBR at the time of dividend payment, otherwise they shall be treated as non-filers and tax on their cash dividend will be deducted at the rate of 20% instead of 12.5%.

Withholding-tax exemption from the dividend income, shall only be allowed if copy of valid tax exemption certificate is made available to FAMCO Associates (Private) Limited, by the first day of Book Closure.

## Withholding Tax on Dividend in case of Joint Account Holders

In order to enable the Company to follow the directives of the regulators to determine shareholding ratio of the Joint Account Holder(s) (where shareholding has not been determined by the Principal Shareholder) for deduction of withholding tax on dividends of the Company, Shareholders are requested to please furnish the shareholding ratio details of themselves as Principal Shareholder and their Joint Holders , to the Company's Share Registrar, in writing as per format given below enabling the Company to compute withholding tax of each Shareholder accordingly.

| Company Name | Folio / CDS Account No. | Total Shares | Principal Shareholder | | Joint Shareholder(s) | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Name & CNIC No. | Shareholding proportion (No. of Shares) | Name & CNIC No. | Shareholding proportion (No. of Shares) |

The required information must reach our Share Registrar within 10 days of this notice, otherwise it will be assumed that the shares are equally held by Principal Shareholder and Joint Holder(s).

### Payment of Cash Dividend Electronically (Optional)

The SECP has initiated e-dividend mechanism through its Notification 8(4) SM/CDC/2008 dated April 05, 2013. In order to avail benefits of e-dividend shareholders are hereby advised to provide details of their bank mandate specifying: (i) title of account, (ii) account number, (iii) bank name, (iv) branch name, code and address to Company's Share Registrar M/s. FAMCO Associates (Private) Limited. Shareholders who hold shares with Participants / Central Depository Company of Pakistan (CDC) are advised to provide the mandate to the concerned Broker / CDC.

### Distribution of Annual Report through Email

We are pleased to inform shareholders that the Securities and Exchange Commission of Pakistan has under and pursuant to SRO No. 787(I)/2014 dated September 08, 2014, permitted companies to circulate their annual balance sheet and profit and loss accounts, auditor's report and directors' report etc. ("Annual Report") along with the notice of annual general meeting ("Notice"), to its shareholders by email. Shareholders of the Company who wish to receive the Company's Annual Report and notices of annual general meeting by email are requested to provide the completed Electronic Communication Consent Form already dispatched, to the Company's Share Registrar, FAMCO Associates (Private) Limited.

### Statement under Section 160(1)(b) of the Companies Ordinance, 1984

This statement sets out the material facts concerning the Special Business to be transacted at the Annual General Meeting of the Company to be held on Thursday, September 29, 2016.

### Item (4) of the Agenda

In order to give effect to the Companies (E-voting) Regulations, 2016 issued by the Securities Exchange Commission of Pakistan, shareholder approval is being sought to amend the Articles of Association.

No director has any direct or indirect interest in the aforementioned special business.

Date: 01-09-16
43 cm x 4 col.

# تھل لمیٹڈ

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کے ممبران کا پچپاسواں سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات ۲۹ ستمبر ۲۰۱۶ء صبح ۹:۰۰ بجے بمقام آواری ٹاورز، خورشید محل، فاطمہ جناح روڈ، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کارروائی**

۱۔ ۳۰ جون، ۲۰۱۶ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی اور منظوری۔

۲۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق برائے سال ۲۰۱۵۔۲۰۱۶ حتمی نقد منافع منقسمہ بشرح ۱۲۵ فیصد (یعنی ۶٫۲۵ روپے فی شیئر) کی منظوری۔ یہ اس عبوری منافع منقسمہ بشرح ۷۵ فیصد یعنی ۳٫۷۵ روپے فی شیئر میں اضافہ ہے جو پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے۔ اس طرح ۲۰۱۵۔۲۰۱۶ کیلئے مجموعی منافع منقسمہ ۲۰۰ فیصد یعنی ۱۰ روپے فی شیئر ہو جائے گا۔

۳۔ برائے سال ۲۰۱۶۔۲۰۱۷ آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضہ کا تعین، موجودہ آڈیٹرز میسرز ای وائی فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کرتے ہیں۔

**خصوصی کارروائی**

۴۔ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی ترامیم کے لئے درج ذیل قرارداد پر بطور خصوصی قرارداد غور وخوض اور درست پانے کی صورت میں اس کی منظوری:

قرار پایا کہ بذریعہ خصوصی قرارداد کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کر کے اسے درج ذیل کے مطابق کر دیا جائے:

(اے) آرٹیکل 64 کے فوری بعد آرٹیکل 64A کے طور پر درج ذیل شق اور اس کے مختصر نوٹ کی شمولیت کے ذریعے، بنام:

64A ''کسی بھی شرائط یا ضوابط سے مشروط ہے، جو کہ اس سلسلے میں کمیشن کی جانب سے مختلف اوقات میں ممکنہ طور پر کی جائیں، ممبران اجلاس عام میں اپنے ووٹنگ حقوق کا استعمال الیکٹرونک طریقہ کار پر کریں گے، اگر کمپنی کو اس بارے میں نافذ العمل قوانین کے مطابق پول کے لیے مطلوبہ ڈیمانڈ کی گئی۔ کمپنی الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے ووٹنگ کی سہولت کمیشن کی جانب سے مقررہ کردہ شرائط کے مطابق اور طے کردہ طریقے پر فراہم کر دے گی''۔

(بی) آرٹیکل 70 کے فوری بعد آرٹیکل 70A کے طور پر درج ذیل نئی شق اور اس کے مختصر نوٹ کی شمولیت کے ذریعے، بنام:

پراکسیز جہاں ووٹنگ حقوق کا استعمال الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے ہو

70A باوجود ان شقوں میں کچھ شامل کیے جانے کے، الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے ای ووٹنگ کی صورت میں ممبران اور غیر ممبران دونوں کو بطور خصوصی پراکسی یا جنرل پراکسی مقرر کیا جا سکتا ہے۔

(سی) آرٹیکل 73 کے فوری بعد آرٹیکل 73A کے طور پر درج ذیل نئی شق اور اس کے مختصر نوٹ کی شمولیت کے ذریعے، بنام:

پراکسیز کے فارم جہاں ووٹنگ حقوق کا استعمال الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے ہو

73A باوجود ان شقوں میں کچھ شامل کیے جانے کے، الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے ووٹنگ کے مقاصد کے لیے پراکسی کے تقرر کی دستاویز ایسی شکل میں ہونی چاہیے اور کمپنی کو نافذ العمل قوانین کے تحت مروجہ طریقہ کار کے مطابق فراہم کی جائے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکریٹری کو اختیار دیا جائے اور ذریعہ ہذا دیا جاتا ہے کہ وہ مذکورہ بالا قرارداد کو نافذ کرنے کے مقاصد کے لیے وہ تمام اقدامات، معاہدے اور امور اور تمام ضروری معاملات کو سرانجام دیں اور تمام قانونی کارروائیاں پوری کرنے کے ساتھ ساتھ تمام مطلوبہ دستاویزات داخل کریں جو اس سلسلے میں ضروری ہوں یا اتفاقیہ طور پر ان کی ضرورت پڑے۔

کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ 160(1)(b) کے تحت اجلاس میں زیر غور لائے جانے والی خصوصی کارروائی (ایجنڈے کا آئٹم نمبر ۴) کے سلسلے میں ایک ضروری بیان اجلاس عام کی اس اطلاع کے ساتھ منسلک کر کے ارسال کیا جا رہا ہے۔

حسب الحکم بورڈ

**علی اصغر موٹن**
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
۳۰ اگست ۲۰۱۶ء

**نوٹ:**

(i) کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس بروز جمعرات ۲۲، ستمبر ۲۰۱۶ء تا جمعرات ۲۹، ستمبر ۲۰۱۶ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی اور جن ممبران کے نام ۲۱، ستمبر ۲۰۱۶ء کو ممبران کے رجسٹر میں درج ہوں گے انہیں حتمی منافع منقسمہ ادا کیا جائے گا۔ ممبران (نان سی ڈی سی) سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے پتے میں تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرار کو فوری مطلع کریں اور اگر مناسب سمجھا جائے تو زکواۃ کی کٹوتی سے بچنے کیلئے CZ-50 فارم کمپنی کے رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ۸۔ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک۔۶، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی۔ فون: 0092-21-34380101-5، 0092-21-34384621-3 (ایکسٹینشن 103) فیکس: 0092-21-34380106 میں جمع کرائیں۔ تمام ممبران جن کے پاس سی ڈی سی کے شیئرز ہوں سے درخواست ہے کہ برائے مہربانی اپنے پتوں اور زکواۃ حیثیت مع پارٹیسپینٹس کے مطلع کریں۔

(ii) ہر وہ ممبر جو اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق رکھتا/رکھتی ہے اپنی جگہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ مؤثر العمل ہونے کے لئے پراکسیز اجلاس کے وقت انعقاد سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں لازماً وصول ہو جائیں۔

(iii) شیئر ہولڈرز سے یہ بھی درخواست ہے کہ کمپنی کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات پر عمل درآمد کا اہل بنانے کے لیے درج ذیل معلومات بھی فراہم کریں۔

**سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز** کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر 1 مورخہ ۲۶ جنوری ۲۰۰۰ میں دی گئی رہنما ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

**الف) اجلاس میں شرکت کیلئے**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت ثابت کرنے کے لیے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ (''سی این آئی سی'') یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کے نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنا ہوں گے۔

**ب) پراکسیز کے تقرر کیلئے**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ کی صورت میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں انہیں پراکسی کا فارم درج بالا شرائط کے مطابق جمع کرانا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط ہوں جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز فارم پر درج ہوں۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ بینی فیشل اونرز اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول فراہم کرنا ہوں گی۔

(iv) پراکسی کو بوقت شرکت اجلاس اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کرنا ہوں گے۔

**سی این آئی سی اور این ٹی این سرٹیفکیٹ کی نقول جمع کرانا (لازمی)**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایات کے مطابق منافع منقسمہ کے وارنٹس پر شیئر ہولڈرز کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) نمبروں کا اندراج ضروری ہے لہٰذا شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اس لازمی شرط کو پورا کریں اور اپنے سی این آئی سی کی ایک کاپی (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کی گئی) کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بلا تاخیر جمع کرا دیں۔

کمپنی کے ریکارڈ میں شیئر ہولڈرز کی سی این آئی سی کی کارآمد نقل کی عدم موجودگی کی صورت میں کمپنی اس امر پر مجبور ہوگی کہ وہ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کی دفعہ ۲۵۱(۲)(a) کی شقوں کے تحت منافع منقسمہ کے وارنٹ روک لے جو شیئر رجسٹرار کی جانب سے ایس ای سی پی کی مذکورہ بالا ہدایات کی روشنی میں صرف سی این آئی سی کی ایک کارآمد کاپی جمع کرانے کی صورت میں جاری کئے جائیں گے۔

برائے شیئر ہولڈرز ماسوائے انفرادی اشخاص کی چیکنگ این ٹی این نمبر کے ملاپ کے ذریعے انجام دی جائے گی لہٰذا سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز سے ان کے ذاتی مفاد میں درخواست کی جاتی ہے کہ کتاب کی بندش کی تاریخ سے قبل اے ٹی ایل میں ان کے ناموں کو چیک کرنے کے لیے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی اپنے متعلقہ پارٹیسپینٹس یا سی ڈی سی کو فراہم کر دیں جبکہ فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس کے حامل کارپوریٹ شیئر ہولڈرز اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کریں۔ شیئر ہولڈرز سی این آئی سی یا این ٹی این سرٹیفکیٹس، جیسی بھی صورتحال ہو، ارسال کرتے ہوئے اپنے متعلقہ فولیو نمبر ضرور درج کریں۔ کارآمد سی این آئی سی کی کاپی کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی SRO 831(1)/2012 مورخہ 12 جولائی 2012 پر عملدرآمد سے قاصر ہوگی۔

**منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس**

حکومتِ پاکستان نے فنانس ایکٹ ۲۰۱۶ء کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ کی دفعہ ۱۵۰ میں چند ترامیم کی ہیں جن کے ذریعے کمپنیز کی جانب سے ادا کی جانے والی منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے لئے مختلف ریٹس مقرر کئے گئے ہیں۔ یہ ٹیکس ریٹس درج ذیل کے مطابق ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| (اے) | انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلرز کے لئے | ۱۲٫۵ فیصد |
| (بی) | انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان۔ فائلرز کے لئے | ۲۰ فیصد |

وہ شیئر ہولڈرز جو فائلرز ہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ منافع منقسمہ کی ادائیگی کے وقت ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹو ٹیکس فائلرز پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) پر اپنے ناموں کی موجودگی کو یقینی بنائیں، بصورت دیگر انہیں نان۔ فائلرز تصور کیا جائے گا اور ان کے نقد منافع منقسمہ پر ٹیکس کی کٹوتی ۱۲٫۵ فیصد کے بجائے ۲۰ فیصد کی شرح سے کی جائے گی۔

منافع منقسمہ کی آمدنی سے ودہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کی اجازت صرف اس صورت میں دی جائے گی اگر ٹیکس سے استثنیٰ کا کارآمد سرٹیفکیٹ کتاب کی بندش کے پہلے دن تک فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو موصول ہو جائے گا۔

**مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں منافع منقسمہ پر ودہولڈنگ ٹیکس**

کمپنی کو ریگولیٹرز کی ہدایات پر عمل درآمد کا اہل بنانے کے سلسلے میں مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر (ہولڈرز) کی شیئر ہولڈنگ کا تعین کرنے کی غرض سے (جہاں پرنسپل شیئر ہولڈر کی جانب سے شیئر ہولڈنگ کا تعین نہ کیا گیا ہو)، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ برائے مہربانی بحیثیت پرنسپل شیئر ہولڈر اور ان کے مشترکہ ہولڈرز کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے بارے میں تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ ذیل فارمیٹ کے مطابق تحریری طور پر فراہم کر دیں تا کہ کمپنی ہر ایک شیئر ہولڈر کے ودہولڈنگ ٹیکس کی اسی تناسب کے مطابق کٹوتی کرے۔

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر (ہولڈرز) | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |

مطلوبہ معلومات ہمارے شیئر رجسٹرار کو اس نوٹس کے دس دنوں کے اندر لازمی طور پر موصول ہو جائیں بصورت دیگر یہ تصور کر لیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور مشترکہ ہولڈر (ہولڈرز) کے پاس مساوی تعداد میں شیئرز موجود ہیں۔

**نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرونیکلی ادائیگی (اختیاری)**

ایس ای سی پی نے اپنے نوٹیفکیشن SM/CDC/2008 (4)8 مورخہ ۱۵ اپریل ۲۰۱۳ء کے ذریعے ای۔ ڈیویڈینڈ میکنزم کا آغاز کیا ہے۔ ای۔ ڈیویڈینڈ کے فوائد سے مستفید ہونے کی غرض سے شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ہذا ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے بینک کے مینڈیٹ کے بارے میں تفصیلات، جس میں (i) ٹائٹل آف اکاؤنٹ (ii) اکاؤنٹ نمبر (iii) بینک کا نام (iv) برانچ کا نام، کوڈ اور پتہ درج ہو، کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کر دیں۔ وہ شیئر ہولڈرز جو پارٹیسپینٹس/سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی) کے پاس شیئرز رکھتے ہوں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ مینڈیٹ کے بارے میں متعلقہ بروکر/سی ڈی سی کو آگاہ کریں۔

**سالانہ رپورٹ کی بذریعہ ای میل تقسیم**

ہم شیئر ہولڈرز کو بمسرت اطلاع دیتے ہیں کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے بمطابق اپنے SRO 787(1)/2014 مورخہ ۸ ستمبر ۲۰۱۴ء کے تحت کمپنیز کو اجازت دیدی ہے کہ وہ اپنی سالانہ بیلنس شیٹ اور نفع ونقصان کے حسابات، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ وغیرہ (سالانہ رپورٹ) بشمول اطلاع سالانہ اجلاس عام (نوٹس) اپنے شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ای میل ارسال کر دے۔ کمپنی کے وہ شیئر ہولڈرز جو کمپنی کی سالانہ رپورٹ اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس بذریعہ ای میل وصول کرنے کے خواہشمند ہوں، ان سے درخواست ہے کہ وہ پہلے سے ارسال کردہ الیکٹرونک کمیونی کیشن کی اجازت کے فارم کو مکمل کر کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کر دیں۔

## کمپنیز آرڈیننس 1984 کی دفعہ 160 (1)(b) کے تحت بیان

اس بیان میں خصوصی کارروائی سے متعلق وہ ضروری حقائق درج کیے گئے ہیں جو کمپنی کے سالانہ اجلاس منعقدہ بروز جمعرات 29 ستمبر 2016 میں انجام دیئے جائیں گے۔

**ایجنڈے کا آئٹم (4)**

سیکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے کمپنیز (ای۔ ووٹنگ) ریگولیشنز، 2016 پر عمل درآمد کی غرض سے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کے لیے شیئر ہولڈر کی اجازت درکار ہے۔

کسی ڈائریکٹر کا مذکورہ بالا خصوصی کارروائی میں کوئی بلواسطہ یا بلاواسطہ مفاد نہیں ہے۔